© rasailojaraid.com



کا فضل ہے۔ اور حضرت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی توجہ ہے۔

۷۔ فرمایا: ایک ترک کہتا تھا کہ مولانا عبدالغفور تجھ پر اللہ تعالیٰ کا خاص فضل ہے۔ اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خاص شفقت ہے۔ سلسلہ کے ختمات پڑھتے ہو۔ ذکر کے حلقے ہوتے ہیں، ہم تو ایک دن بھی نہیں پڑھ سکتے۔ الحمدللہ میں سادہ ہوں اور سادگی کے ساتھ بات سمجھاتا ہوں۔ تصنع اور تکلف سے کام نہیں لیتا۔ اللہ تعالیٰ اس سادگی کے باعث مجھ پر اپنی بخشش فرمائے گا۔

۸۔ فرمایا: مجھے باب جبرائیل کے قریب مسجد نبویؐ میں قدمین شریفین کے پاس ایک برس تک تمام رات مراقبہ کا وقت ملتا رہا۔ اس وقت صحت اچھی تھی۔ محبت اور ذوق بھی تھا۔ میرے ساتھ بہت سارے دوست بھی مراقبہ میں شامل ہوتے تھے۔ اکثر دوستوں کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ہوتی تھی۔ مجھے بھی زیارت کا شرف حاصل ہوا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "ادن منی ادن منی"۔ رمضان شریف میں تمام رات نوافل اور تلاوتِ قرآن مجید میں گزارتے تھے۔ ذوق وشوق ہوتا تھا۔

۹۔ فرمایا: چوتھے سفر میں جب عبدالحق کی والدہ اور میری اہلیہ ہم رکاب تھیں تو مدینہ منورہ میں میں نے رباط تونک میں ایک سال تک قیام کیا۔ کرہ اچھا مل گیا تھا۔ دوبارہ حج کے لئے مکہ مکرمہ میں آئے۔ حج سے فارغ ہوئے تو میری اہلیہ نے کہا کہ اب گھر واپس چلیں۔ میں نے کہا کہ حج دو کئے ہیں۔ اور زیارت ایک ہوئی ہے۔ اب دوسری بار زیارت کے لئے مدینہ منورہ چلیں گے۔ اس طرح پیدل مدینہ منورہ آئے۔ محلہ درویشان میں ایک مکان بارہ ریال کرایہ پر ملا۔ اس میں رہائش کی۔ دو بکریاں خرید لیں۔ دل چاہتا تھا کہ بکریوں کا دودھ بیچ کر یوں گزر اوقات کروں گا۔ کیونکہ مجھے مدینہ منورہ میں رہنے کا شوق زیادہ تھا۔

اگرچہ مجھے میرے شیخ رحمۃ اللہ علیہ سے خلافت بھی مل ہوئی تھی۔ اور ہندوستان کے لوگ مجھے بہت چاہتے تھے۔ لیکن مجھے مدینہ منورہ چھوڑنا ہرگز گوارا نہ تھا۔ ایک مخلص نے دہلی سے پچیس ۲۵ روپیہ ماہوار بھیجنے شروع کر دئیے۔ میں چاہتا تھا کہ بکریوں کا دودھ فروخت کر کے بچوں کا گزارا کروں لیکن میرے قریب کے بچیا نور خان صاحب نے مجھ سے کچھ پڑھا تھا۔ انہوں نے کہا کہ تمہاری پیشانی میں بکریاں چرانا نہیں، تم نے علم پڑھانا ہے۔ اور اللہ اللہ سکھانا ہے۔ میں نے ختم خواجگان شروع کیا۔ ایک قاری بخاری حمزہ نے میری دعوت کی۔ اس کو سلوک میں بڑا لطف آیا۔ وہ بیعت ہوگیا۔ اس سے حلقہ کا سلسلہ شروع ہوگیا۔ میں نے درس جلالین اور ختم خواجگان شروع کیا۔

© rasailojaraid.com